




# محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم نبی اور رسول ہیں

- اللہ تعالیٰ نے حضرت محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کو 40 سال کی عمر میں نبی اور رسول بنایا۔
- نبی یعنی جس کے پاس اللہ سے "نَبَأ" یعنی خبر آئے
- رسول یعنی جس کے پاس اللہ سے خبر بھی آئے اور کتاب بھی (جیسے قرآن)

# مکّی دور

نبوت کا اعلان کرنے کے بعد آپ ﷺ مکّہ میں 13 سال تک اسلام کی دعوت دیتے رہے۔

اس کو ہم مکّی دور کہتے ہیں، اور سالوں کو نبوی سال

(1 نبوی سے 13 نبوی تک)






# مدنی دور

- مکہ میں 13 سال تک دین کی دعوت دینے کے بعد آپ ﷺ نے مدینہ ہجرت فرمائی،
- وہاں آپ 10 سال تک دعوت و تبلیغ کرتے رہے۔
- اس دور کو مدنی دور کہتے ہیں، اور سالوں کو ہجری سال (1 ہجری سے 10 ہجری تک)

# اعادہ (سیرت)

- اللہ نے محمد ﷺ کو 40 سال کی عمر میں نبی اور رسول بنایا۔
- مکہ میں آپ ﷺ نے 13 سال تک دعوت دی، اسی کو مکی دور کہتے ہیں۔
- مدینہ میں آپ ﷺ نے 10 سال تک دعوت دی، اسی کو مدنی دور کہتے ہیں۔

# اعادہ (دعا)

- دعا کے ذریعے زندگی کو اللہ کی یاد سے زیادہ آباد رکھنے کا موقع ملتا ہے۔
- سبحان اللہ وبحمدہ 100 مرتبہ پڑھیے اور گناہوں سے معافی اور اجر پائیے!

# سیرت کیوں پڑھیں؟
## 1- آخرت کی کامیابی کے لیے

- آخرت کی کامیابی کے لیے اللہ کی بات ماننا اور محمد ﷺ کی اتباع محبت کے ساتھ کرنا ضروری ہے، اور اس کے لیے سیرت کو پڑھنا ضروری ہے۔

# سیرت کیوں پڑھیں؟
## 2- دنیا کی کامیابی کے لیے

آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے پاس دنیا کی کامیابی کے لیے بہترین life skills تھیں۔ یہ بڑی بے وقوفی ہو گی کہ ہم فقیروں کے پاس کامیابی کے راز ڈھونڈیں اور جو انسانی تاریخ میں سب سے کامیاب ہو، اسی کو نہ پڑھیں!

# سیرت کیوں پڑھیں؟

## 3- رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت پیدا کرنے کے لیے

جب ہم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی قربانیوں کو جانیں گے تو ہم دل سے محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے محبت کریں گے۔

# اعادہ (سیرت)

سیرت کیوں پڑھیں؟

1- آخرت کی کامیابی کے لیے

2- دنیا کی کامیابی کے لیے

3- رسول ﷺ سے محبت پیدا کرنے کے لیے

# اعادہ (دعا)

- دعا کے ذریعے ہم ہر وقت اور ہر حال میں اپنے دل کا حال اللہ کے سامنے رکھ سکتے ہیں۔
- سبحان اللہ وبحمدہ سبحان اللہ العظیم زبان پر ہلکے پھلکے ہیں، میزان میں انتہائی وزنی اور اللہ کو بہت پسند ہیں۔

# سیرت کیوں پڑھیں؟

## 4- رسول صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی عظمت پیدا کرنے کے لیے

جب ہم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے عظیم کارناموں کو جانیں گے تو دل میں آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے لیے عظمت پیدا ہو گی۔

# سیرت کیوں پڑھیں؟

## 5- صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی زندگی کو جاننے کے لیے

صحابہ کی زندگی میں زبردست تبدیلی آئی۔ کیسے؟ صحابہ رضی اللہ عنہم محمد صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم سے قرآن سیکھتے، اس پر غور کرتے اور عمل کرتے۔ ساتھ ہی ساتھ آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کی بہترین قرآنی زندگی سے اثر لیتے۔

# سیرت کیوں پڑھیں؟
## 6- قرآن کو سمجھنے کے لیے

اللہ نے آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم پر 23 سالوں میں قرآن اتارا ہے زندگی کے مختلف حالات میں۔ ان حالات کو سیرت کے ذریعے معلوم کیا جاسکتا ہے۔ اس طرح سے قرآن کو سمجھنے میں مدد ملے گی۔

# اعادہ (سیرت)

سیرت کیوں پڑھیں؟

4- دل میں رسول ﷺ کی عظمت پیدا کرنے کے لیے

5- صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی زندگی کو جاننے کے لیے

6- قرآن کو سمجھنے کے لیے

# اعادہ (دعا)

- دعا وذکر سے ہم ذہنی تناؤ (Stress)، مایوسی اور غم سے چھٹکارا پا سکتے ہیں۔
- اَللّٰہُ أَکْبَرُ: اللہ تعالیٰ قوت، عزت، شان و شوکت اور ہر اچھی صفت میں سب سے بڑا ہے۔
- اَللّٰہُ أَکْبَر: فجر کی اذان سن کر اگر میں سوتا رہوں تو میں نے کس کو بڑا مانا؟ کس کی بات سنی؟ اللہ کی یا نفس کی؟

# سیرت کیوں پڑھیں؟
## 7- قرآن پر عمل کرنے کے لیے

قرآن تھیوری ہے اور سیرت اس کا بہترین عملی نمونہ یا ماڈل۔
آپ صلی اللہ علیہ وآلہ وسلم کے اخلاق، معاملات اور سارے اعمال قرآن کی عملی تفسیر ہیں۔






# سیرت کیوں پڑھیں؟

## 8- اپنے ایمان کو اور اللہ کے ساتھ اچھی امیدوں کو بڑھانے کے لیے

آپ ﷺ نے اللہ کے بھروسے سخت ترین حالات میں بڑی کامیابیاں حاصل کی۔ اسے جان کر اللہ کی مدد پر اور محمد ﷺ کے رسول ہونے پر ایمان بڑھتا ہے۔

# سیرت کیوں پڑھیں؟
# 9- دل کی خوشی اور سکون کے لیے

آپ اس کائنات کے بہترین انسان کے بارے میں پڑھیں گے تو یقیناً آپ کو خوشی ہو گی اور دل کو سکون ملے گا۔

سیرت

دعا

# اعادہ (سیرت)

سیرت کیوں پڑھیں؟

7- قرآن پر عمل کرنے کے لیے

8- اپنے ایمان کو اور اللہ کے ساتھ اچھی امیدوں کو بڑھانے کے لیے

9- دل کی خوشی اور سکون کے لیے

# اعادہ (دعا)

- دعا اور ذکر کے ذریعے امید، سکون اور اطمینان حاصل ہوتا ہے اور موڈ میں ہمیشہ ٹھہراؤ (self control) رہتا ہے۔
- دنیا و آخرت کی نعمتیں حاصل کرنے کے لیے "اَللّٰهُمَّ اغْفِرْ لِيْ وَارْحَمْنِيْ وَاهْدِنِيْ وَعَافِنِيْ وَارْزُقْنِيْ" پڑھیے۔
- نیکی کرنا اور گناہ سے بچنا اللہ کی توفیق و احسان ہی سے ممکن ہے۔ (لَا حَوْلَ وَلَا قُوَّةَ إِلَّا بِاللهِ)